## سوال

نوجوان فحاشی سے دور رہے ؟

## جواب

فحاشی سے بچنے کا طریقہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اس بے حیائی کے دور میں فحاشی سے کیسے بچا جائے ذرا تفصیل سے جواب دیجئے، آپ کے پچھلے جوابات سے کافی تسکین ہوئی ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!ا۔ فحاشی سے بچنے کا ایک طریقہ تو یہ ہے کہ آپ نماز کی پابندی کیا کریں۔ کیونکہ ارشاد باری تعالی ہے۔ ان الصلوۃ تنھی عن الفحشاء والمنکر (العنکبوت :45) بے شک نماز فحاشی اور برائی سے روکتی ہے۔ 2۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ آپ فحاشی کے انجام اور وعید میں وارد عذابوں کو کثرت سے یاد کیا کریں۔ 3۔ تیسرے نمبر آپ برے دوستوں کو چھوڑ دیں اور ان کی جگہ نیک اور اچھے دوستوں خصوصا علماء کرام کی مجلس میں بیٹھا کریں۔ 4۔ چوتھے نمبر آپ برائی کی طرف لے جانے والے تمام اسباب وذرائع سے بچنے کی کوشش کیا کریں، کسی بھی ایسی جگہ جانے سے گریز کریں جہاں برائی میں پڑنے کا اندیشہ ہو۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی